inlingua Victoria
College of Languages

Private Training Institutions Branch

# طالب علم کے حقوق کا بیان (Urdu)

ادارے کا نام برٹش کولمبیا منسٹری آف ایڈوانس ایجوکیشن اینڈ اسکلز ٹرینگ ( British Columbia Ministry of Advanced Education and Training) کی پرائیویٹ ٹرینگ انسٹیٹیوشنز برانچ (پی ٹی آئی بی) ( Private Training Institutions Branch) (PTIB) سے تصدیق شدہ ہے۔

کسی بھی تصدیق شدہ نجی تربیتی ادارے میں داخلہ لینے سے پہلے، آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ ہونا چاہئے۔

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ ادارہ آپ کے ساتھ **منصفانہ** اور **قابل احترام**سلوک کرے۔

آپ کو **طلباء کے اندراج کا معاہدہ (اسٹوڈنٹ انرولمنٹ کانٹریکٹ) حاصل کرنے** کا حق ہے جس میں درج ذیل معلومات شامل ہیں:

- ٹیوشن کی رقم اورآپ کے پروگرام کے لئے کوئی اضافی فیس
- رقم کی واپسی کی (ریفنڈ) پالیسی
- اگر آپ کے پروگرام میں کام کرنے کا تجربہ شامل ہے تو، کام کرنے کے تجربے میں حصہ لینے کی ضروریات اور جغرافیائی علاقہ جہاں وہ مہیا کیا جائے گا
- آیا اس پروگرام کو پی ٹی آئی بی (PTIB) نے منظور کیا تھا یا منظوری کی ضرورت نہیں ہے۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ دستخط کرنے سے پہلے آپ معاہدہ پڑھ لیں۔ادارہ آپ کو دستخط شدہ کاپی لازمی فراہم کرے۔

آپ کو ادارے کے**تنازعات کو حل کرنے کے عمل (ڈسپیوٹ ریزولوشن پروسیس)** تک رسائی اور **شکایت کرنے پر انتقامی کارروائی (پروٹیکٹیڈ اگینسٹ ریٹیلیئشن)** سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے۔

آپ کو **ٹیوشن ریفنڈ** کے لئے پی ٹی آئی بی (PTIB) سے **دعوی** کرنے کا حق ہے اگر:

- آپ کے مکمل کرنے سے پہلے ہی آپ کے ادارے نے آپ کے منظور شدہ پروگرام کا سرٹیفکیٹ دینا بند کر دیا ہو
- آپ کے منظور شدہ پروگرام کے ایک اہم پہلو کے بارے میں آپ سے غلط بیانی کی گئی تھی۔

آپ کو اپنا پروگرام مکمل کرنے، پروگرام سے برخاست ہونے یا اپنے پروگرام سے دستبرداری کے بعد لازمی طور پر**ایک سال** کے اندر اندر یہ دعوی دائر کرنا ہوگا۔

پی ٹی آئی بی (PTIB) اور باخبر طالب علم ہونے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، یہاں جائیں:
http://www.privatetraininginstitutions.gov.bc.ca/students/be-an-informed-student

inlingua Victoria College of Languages
Suite 101-910 Government Street, Victoria B.C., V8W 1X3
● Phone: 778.817.1083 ● Email: office@inlinguavictoria.com ● www.inlinguavictoria.com

Feel the vibe